چھترپتی سمبھاجی نگر ہے

شیخ توفیق سے علاقائی خبریں سنئے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

** مرکزی حکومت مہاراشٹر کے کسانوں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے وزیراعظم کا بیان۔

** ملک کے شہر صرف رہنے کی جگہ نہیں ہیں بلکہ اقتصادی سرگرمیوں کے بڑے مراکز بھی ہیں- ہنجے واڑی میٹرو کے افتتاح کے موقع پر وزیر اعظم کا اظہار خیال

** ملک بھر میں ربیع کی فصلوں کی بوائی گزشتہ سال کے مقابلے 46 فیصد کم، وزارت زراعت کی اطلاع

** فارماسسٹ اینٹی بائیوٹکس کے غیر ضروری استعمال کو روکنے میں فعال کردار ادا کریں- مرکزی وزیر مملکت پرتاپراؤ جادھو کی اپیل

اور

** مائیکرو فائنانس کمپنیاں کسانوں سے زبردستی وصولی نہ کریں، چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کلکٹر کی ہدایت

**

وزیراعظم نریندر مودی نے کل مہاراشٹر کے کسانوں کو یقین دلایا کہ مرکزی حکومت مہاراشٹر میں خشک سالی سے پوری طرح واقف ہے اور ریاست کے کسانوں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔ اس بات کا یقین دلاتے ہوئے کہ قومی جمہوری اتحاد کی حکومت خشک سالی کی صورتحال کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کر رہے کسانوں کے ساتھ حساس طور پر کھڑی ہے، انہوں نے کہا کہ ریاست میں پانی کے تحفظ کے میدان میں گزشتہ چند سالوں میں دیویندر فڑنویس کی قیادت میں نمایاں کام کیا گیا ہے۔ کل پونے میں میٹرو کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کسانوں سے پریشان نہ ہونے کی اپیل کی

دریں اثنا، تقریباً 21 ہزار آٹھ سو کروڑ روپے کے پونے میٹرو پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد کل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے وزیراعظم کے توسط سے افتتاح اور سنگ بنیاد عمل میں آیا۔ انھوں نے کہا کہ ملک کے شہر نہ صرف رہنے کی جگہیں ہیں بلکہ معاشی سرگرمیوں کے بڑے مراکز بھی ہیں۔ انھوں نے یقین دلایا کہ ملک بھر کے سینکڑوں چھوٹے شہروں کو ترقی دے کر فعال اقتصادی مراکز میں تبدیل کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک میں میٹرو نیٹ ورک نے پچھلے دس سے بارہ سالوں میں تیزی سے ترقی کی ہے اور اب میٹرو نیٹ ورک ملک کے چھبیس شہروں میں تقریباً بارہ سو کلومیٹر تک پھیل چکا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ بنیادی ڈھانچے میں حکومتی سرمایہ کاری نہ صرف معیار زندگی کو بہتر بنا رہی ہے بلکہ روزگار کے مواقع بھی پیدا کر رہی ہے۔

**

وزیراعلی دیویندر فڑنویس نے اپنے یقین کا اظہار کیا کہ یہ پروجیکٹ پونے کو ملک میں نقل وحرکت کے میدان میں ایک رہنما بنادیں گے۔ اس موقعے پر نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزیراعلیٰ سنیتر اپوار موجود تھے۔ شندے نے اپنے یقین کا اظہار کیا کہ میٹرو 3 پروجیکٹ پونے کے مستقبل کو ایک نئی شکل دے گا اور شہریوں کی روزانہ کی نقل وحمل کے مسائل کو کم کرے گا۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے پوار نے اپنی رائے ظاہر کی کہ یہ ملک کی پہلی میٹرو لائن ہے جو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے بنائی گئی ہے اور ملک میں پہلی 100 فیصد خواتین کے زیر انتظام میٹرو ہونا فخر کی بات ہے۔

**

وزارت زراعت نے بتایا ہے کہ ملک بھر میں ربیع کی فصلوں کی بوائی میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 46 فیصد کمی ہوئی ہے۔ گزشتہ سال 30 اکتوبر تک ملک میں تقریباً 60 لاکھ ہیکٹر اراضی پر بوائی کی گئی تھی جبکہ اس سال تقریباً 37 لاکھ ہیکٹر زمین پر بوائی کی گئی۔ خبروں میں کہا گیا ہے کہ اس سال کم بارش کی وجہ سے زمین میں نمی کم ہونے اور آبپاشی کے لیے پانی کی کمی کی وجہ سے ربیع کی بوائی میں کمی آئی ہے۔

**

آیوش کے مرکزی وزیر مملکت اور صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر مملکت پرتاپراؤ جادھو نے فارماسسٹوں یعنی دواسازوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اینٹی بائیوٹک کے غیر ضروری اور نامناسب استعمال کو روکنے میں فعال کردار ادا کریں۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں فارمیسی کونسل آف انڈیا اور ایم جی ایم یونیورسٹی کے ذریعے عالمی فارماسسٹ دن اور نیشنل فارمیسی ہفتے کے موقعے پر مشترکہ طور پر منعقدہ ریاستی سطح کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ جادھو نے سبھی سے 'سوستھ بھارت، سمرتھ مہاراشٹرا' بنانے کے لیے ذمہ داری کے ساتھ ادویات کا استعمال کرنے کا عزم کرنے کی اپیل کی۔

**

ریاست کے میڈیکل اور ہیلتھ سروسز گروپ-اے کیڈر میں ایک ہزار 440 میڈیکل افسروں کو آج تقرری کے احکامات جاری کیے جائیں گے۔ اس میں 674 سپیشلسٹ میڈیکل آفیسرز اور 766 ایم بی بی ایس میڈیکل آفیسرز شامل ہیں۔

**

ایس آئی آر یعنی خصوصی انتخابی فہرست کی دوبارہ جانچ اور تصدیق کے عمل کے دوران، الیکشن کمیشن آف انڈیا نے ان لوگوں کے لیے فارم-6 بھرنے کے طریقہ کار کو واضح کیا ہے جو پہلے ووٹر کے طور پر رجسٹرڈ تھے لیکن ڈرافٹ ووٹر لسٹ سے خارج کر دیے گئے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ اگر نام مسودہ انتخابی فہرست میں نہیں ہے، چاہے نام پہلے ووٹر کے طور پر درج کیا گیا ہو، تو اسے فارم-6 جمع کرنا ضروری ہے، اور اس فارم کو بھرنے سے جھوٹا اعلان نہیں ہوتا ہے۔ کمیشن نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ ایسے افراد کے خلاف عوامی نمائندگی ایکٹ کے تحت کارروائی نہیں کی جائے گی جو کسی دوسرے حلقے میں رجسٹرڈ نہیں ہیں اور انہوں نے قانون کے مطابق محض فارم 6 بھرنے کے لیے درست اعلان کیا ہے۔

**

تپ دق سے پاک مہاراشٹرا مہم کے تحت، ریاست بھر میں تپ دق کی تیز رفتار تشخیص کے لیے TrueNet Quattro مالیکیولر ڈائیگنوسٹک مشینوں کا استعمال کیا جائے گا۔ یہ مشینیں ریاست میں 300 مقامات پر نصب کی جائیں گی جن میں بنیادی مراکز صحت، دیہی اسپتال اور ضلعی سطح کے صحت کے ادارے شامل ہیں، تاکہ دور دراز اور دیہی علاقوں میں شہریوں کو معیاری صحت کی دیکھ بھال فراہم کی جاسکے۔ اس منصوبے کے لیے ایک سہ فریقی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے گئے ہیں، جس پر تقریباً 41 کروڑ روپے لاگت آئے گی اور یہ 21 ماہ تک چلے گا۔

**

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سمبھاجی نگر کی 67 ویں تقسیم اسناد تقریب آج گورنر جشنود یوورما کی موجودگی میں منعقد ہوگی۔ قحط سالی کے پیش نظر کانووکیشن کی تقریب بڑی سادگی کے ساتھ منعقد کی گئی ہے۔

**

جالنہ ضلعے میں خشک سالی کی صورتحال کو ذہن میں رکھتے ہوئے، سرپرست وزیر پنکجا منڈے نے کسانوں کو مالی اور نفسیاتی مدد فراہم کرنے اور پانی کی کمی، چارے کی دستیابی اور دیہی روزگار کے مسائل سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔ وہ کل خشک سالی کی صورتحال کے جائزہ اجلاس سے خطاب کررہی تھیں۔ ضلع کے 6 لاکھ 44 ہزار کسانوں کے بینک کھاتوں میں 5 ہزار روپے کی پیشگی امداد براہ راست جمع کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس امداد سے کسانوں کو کچھ راحت ملے گی۔

**

ناندیڑ ضلع انتظامیہ خشک سالی کے دوران ضلعے کے دیہی علاقوں سے مزدوروں کی نقل مکانی کو روکنے کے لیے خصوصی اقدامات کررہی ہے۔ ضلع کلکٹر راہول کرڈیلے نے متعلقہ ایجنسیوں کو وی بی جی رام جی اور مہاراشٹر روزگار گارنٹی اسکیم کو مؤثر طریقے سے نافذ کرنے کی ہدایت دی ہے۔

**

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کلکٹر ونے گوڑاجی سی نے کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے کسانوں سے زبردستی قرض کی رقم وصول نہ کریں۔ وہ کل ضلعے میں تمام مائیکرو فنانس کمپنی ڈائریکٹرز کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے ضلعے کے کسانوں اور شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ فوری طور پر ٹول فری نمبر ایک آٹھ صفر صفر ایک صفر دو ایک صفر آٹھ صفر پر کسی بھی مالیاتی ادارے کی جانب سے وصولی کے لیے دباؤ کی صورت میں رابطہ کریں۔

**

مہاراشٹر ہاؤسنگ اینڈ ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی - مہاڑا کا کمپیوٹرلاٹری سسٹم کل بورڈ کے چیف آفیسر ویبھو کیدارے کے ذریعے چھترپتی سمبھاجی نگر اور لاتور اضلاع میں مختلف اسکیموں کے لیے منعقد کیا گیا۔ مذکورہ قرعہ اندازی کے لیے تقریباً دو ہزار 642 درخواستیں موصول ہوئیں۔

**

وزیر ٹرانسپورٹ پرتاپ سارنائک نے ہدایت دی ہے کہ ایس ٹی کارپوریشن کی آمدنی میں اضافہ کرنے کے لیے نئی بسوں کی فراہمی سمیت زیادہ آمدنی پیدا کرنے والے راستوں کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کل بیڑ میں ایک پریس کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہوں کی بروقت ادائیگی سمیت ایس ٹی ملازمین کے زیر التوا مسائل پر مثبت کارروائی کی جائے گی۔

**

لاتور کی سائبر پولیس نے ڈیجیٹل گرفتاری کی آڑ میں 66 سالہ ریٹائرڈ ملازم سے 28 لاکھ 51 ہزار 999 روپے کی دھوکہ دہی کے معاملے میں چھ ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔ ملزمان کو تین ریاستوں مدھیہ پردیش، دہلی اور ہریانہ سے گرفتار کیا گیا ہے اور عدالت نے انہیں 6 نومبر تک پولیس کی تحویل میں دے دیا ہے۔ لاتور پولیس نے اپیل کی ہے کہ سائبر مالیاتی فراڈ کی صورت میں فوری طور پر ہیلپ لائن نمبر 1930 پر رابطہ کیا جائے۔

**

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے لیڈر آدتیہ ٹھاکرے نے خبردار کیا ہے کہ کسانوں کے مسائل پر حکومت سے جواب مانگنے کے لیے ایک بڑا مارچ نکالا جائے گا۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے ویجاپور تعلقے کے گارج اور کنڑ تعلقے کے جے ہور میں خشک سالی کی صورتحال کا معائنہ کرنے کے بعد مخاطب تھے۔ انہوں نے تنقید کی کہ کسانوں کو شدید بارش، فصل بیمہ، معاوضہ اور قرض معافی کے معاملے میں کوئی راحت نہیں ملی ہے۔

**

امید مہم اور دیوالی کے روایتی اسنیکس کے تحت خواتین کے خود مدد گروپوں کے ذریعہ تیار کردہ مختلف اشیاء کی فروخت کی نمائش ناندیڑ ضلع پریشد کے احاطے میں آج سے شروع ہو رہی ہے۔ انتظامیہ نے شہریوں سے دیوالی کے اس تہوار کے مشاہدے کی اپیل کی ہے۔

**

پونے میں جاری 41 ویں یوتھ نیشنل باسکٹ بال چیمپئن شپ سی ایم کپ ٹورنامنٹ کل وزیر اعلی دیویندر فڑنویس کی موجودگی میں اختتام پذیر ہوا۔ اس ٹورنامنٹ میں تمل ناڈو کی ٹیم نے لڑکیوں کے زمرے میں چیمپئن شپ کا خطاب جیتا اور کرناٹک کی ٹیم نے رنر اپ کا خطاب حاصل کیا۔ لڑکوں کے زمرے میں اتر پردیش کی ٹیم نے چیمپئن شپ کا ٹائٹل جیتا اور مدھیہ پردیش کی ٹیم نے رنر اپ کا خطاب حاصل کیا۔

**

قطر کے دوحہ میں کل سے شروع ہونے والی ISSF ورلڈ شوٹنگ چیمپئن شپ میں بھارت نے کل ایک طلائی اور ایک چاندی کا تمغہ جیتا۔ بھارت نے مردوں کے 50 میٹر ایئر پسٹل ٹیم ایونٹ میں طلائی تمغہ جیتا اور اسی انفرادی مقابلے میں رویندر سنگھ نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ بھارت اس وقت پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست ہے۔

**

بھارت اور نیوزی لینڈ کی ٹیمیں آج سے شروع ہونے والی ون ڈے سیریز میں مدمقابل ہونے والی ہیں۔ پانچ مقابلوں کی سیریز کا پہلا مقابلہ آج آکلینڈ میں کھیلا جائے گا۔

**

اور آخر میں اس بلٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر

*مرکزی حکومت مہاراشٹر کے کسانوں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے وزیراعظم کا بیان۔

**ملک کے شہر صرف رہنے کی جگہ نہیں ہیں بلکہ اقتصادی سرگرمیوں کے بڑے مراکز بھی ہیں- ہنجے واڑی میٹرو کے افتتاح کے موقع پر وزیر اعظم کا اظہار خیال

**ملک بھر میں ربیع کی فصلوں کی بوائی گزشتہ سال کے مقابلے 46 فیصد کم، وزارت زراعت کی اطلاع

**فارماسسٹ اینٹی بائیوٹکس کے غیر ضروری استعمال کو روکنے میں فعال کردار ادا کریں- مرکزی وزیر مملکت پرتاپراؤ جادھو کی اپیل

اور

**مائیکرو فائنانس کمپنیاں کسانوں سے زبردستی وصولی نہ کریں، چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کلکٹر کی ہدایت

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئی۔ اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا